# نئے آنے والوں کے لیے نیشنل گائیڈ ٹو نیچر



کینیڈا کا وسیع و عریض جنگل ایک قومی خزانہ اور ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے — اس گائیڈ کی مدد سے اُن مختلف جانوروں اور پودوں کی اقسام کے بارے میں مزید جانیں جو کینیڈا کو اپنا گھر کہتے ہیں۔

## میں نیچر کینیڈا کے ضابطہ اخلاق پر عمل کرنے کا عہد کرتا / کرتی ہوں۔

### ضابطہٴ اخلاق

فطری ماحول کے محافظوں کو چاہیے کہ یہاں درج ضابطہٴ اخلاق کی پیروی کرتے ہوئے وہ جنگلی حیات اور اس کے ارد گرد کے ماحول کا احترام لازمی کریں۔ جب آپ نیچے اپنا نام درج کرتے ہیں، تو آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ آپ فطری ماحول کا مشاہدہ ایسے طریقے سے کریں گے جو آپ کے ارد گرد موجود انواع کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

۱۔ **میں ماحول کے تحفظ میں مدد کروں گا / گی،** اس میں جنگلی حیات کا احترام کرنا اور باہر مقامات کی سیر اور مشاہدے کے دوران اُن کے مساکن کو نہ چھیڑنا شامل ہے۔ اس میں مخصوص راستوں پر ہی چلنا، شور کی سطح کا خیال رکھنا، اور کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کو یقینی بنانا شامل ہے۔

۲۔ **میں ایسے اقدامات کرنے پر غور کروں گا / گی جن سے آس پاس کے فطری ماحول میں موجود انواع پر مثبت اثر پڑے،** جیسے کہ کسی مقامی ماحولیاتی تنظیم کے ساتھ جنگلات کی بحالی یا دوبارہ افزائش کے کسی منصوبے میں رضاکارانہ طور پر حصہ لینا۔

۳۔ **میں خود مثال بن کر راہنمائی کروں گا / گی** اور دوسروں کی بھی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کروں گا / گی کہ وہ اپنے اعمال سے ارد گرد کے ماحول پر پڑنے والے اثرات پر غور کریں۔

..........................................................................................

قریبی فطری ماحول سے جُڑنے میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں!

naturecanada.ca/naturehood

NatureHood
A NATURE CANADA INITIATIVE

Environment and Climate Change Canada | Environnement et Changement climatique Canada

## کینیڈا کی مشہور و معروف انواع



مرغابی نما چتکبرا آبی پرندہ



ہرن خاندان کا بڑا جانور



اود بلاؤ



قطبی ریچھ



بیلوگا وہیل



AtlanticPuffin



SugarMaple



JackPine

# قریبی فطری ماحول میں جنگلی حیات کی شناخت کریں

کیا آپ کو تجسس ہے کہ آپ کے آس پاس کے فطری ماحول میں مختلف اقسام کے کون سے جانور پائے جا سکتے ہیں؟ اس شناختی گائیڈ کا استعمال کریں تاکہ آپ جان سکیں کہ آپ کے آس پاس کے فطری ماحول میں کون سے جانور رہتے ہیں!




# باہر نکلیں اور اپنے آس پاس کے فطری ماحول کو دریافت کریں!

فطری ماحول ہر جگہ پایا جا سکتا ہے — بہت بڑے شہروں سے لے کر بہت چھوٹے قصبوں تک — چاہے وہ کوئی نظر انداز شدہ شہری جنگل ہو، ایک کمیونٹی گارڈن، آپ کی گلی کے آخر میں واقع پارک ہو یا آپ کا پچھلا صحن!

کینیڈا کے لوگ فطری ماحول سے جُڑنے کے لیے ملک بھر کے قومی، صوبائی اور بلدیاتی پارکوں کے وسیع نیٹ ورک کو دریافت کرتے ہیں، جہاں وہ پیدل سیر، کینو رائیڈنگ یا کیمپنگ جیسی بیرونی سرگرمیوں کے دوران دلکش مناظر کے بیچ جنگلی حیات میں گھل مل جاتے ہیں۔ یہ قدرتی مقامات کینیڈا کے فطری ماحول کے ورثے کے بارے میں سیکھنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرتے ہیں، ساتھ ہی فطری ماحول سے جُڑنے اور اس کے فوائد کو محسوس کرنے کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔

باہر وقت گزار کر آپ کینیڈا کی طرزِ زندگی تشکیل دینے والے خوبصورت مناظر کے لیے قدردانی اور وابستگی کا ایک احساس پیدا کر سکتے ہیں۔




کیا آپ اُن انواع کے بارے میں مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں جو آپ کے آس پاس کے فطری ماحول میں پائی جاتی ہیں؟ مزید جاننے کے لیے ہمارے آن لائن ریکارڈ میں موجود مفت معلوماتی وسائل دیکھیں!